## سوال

(570) نماز کی تلقین کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میرے بھائی کا ایک بیٹا 15 سال کا ہے اور دو بیٹیاں 10۔8 سال کی ہیں ہمارا سارا گھرانہ حتیٰ کہ دونوں بچیوں تک نماز پانچ وقت باقاعدگی سے پڑھتی ہیں لیکن میرا بھتیجا جو 15 سال کا ہے نماز باقاعدگی سے نہیں پڑھتا دن میں ایک یا دو نمازیں ڈانٹ ڈپٹ کر یا مار کر پڑھاتے ہیں چھوٹی بہنوں کو نماز پڑھتے دیکھ کر شرمندہ نہیں ہوتا کوئی دعا دم بتائیں جو اس پر اثرانداز ہو؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس بچے کو سورۃ الفاتحہ پڑھ کر دم کر دیا کریں اس سے ان شاء اللہ جذبہ نیکی پیدا ہو گا مزید کوشش کریں کہ وقتاً فوقتاً یہ کسی موحد عالم یا نیک صلح آدمی کے پاس بیٹھا کرے اس سے قلبی جلاء کے علاوہ باطنی کیفیت بدل کر تعلق باللہ مضبوط ہو گا ان شاء اللہ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

# ج1ص846

محدث فتویٰ